سوال

(872)مجھے دوتین قسم کے خواب اکثر آتے رہتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ مجھے دوتین قسم کے خواب اکثر آتے رہتے ہیں :

۱۔ ایک دفعہ رات میں نے دیکھا کہ تا حد نگاہ سمندر کے اوپر چھت ہے صرف ایک چھوٹا سا ڈھکنا چھوڑا گیا ہے میں نے اس کو اٹھایا تونیچے ایک بہت بڑا سانپ تھامیں نے اس کو پھر بند کردیا۔

۲۔ پھر میں نے ایک دفعہ دیکھا ایک سانپ تقریباًچھ فٹ کا تھامیں نے اس کو مار دیا ہے ۔

۳۔ پھر ایک دفعہ دیکھا کہ تقریباًایک ایکڑزمین میں سانپ ہی سانپ ہیں ، میں نے تقریباً ۸۰یا ۹۰ سانپ مار دیے پھر میں وہاں سے آگیا۔

۴۔ ہمارا ایک بھائی جوتین ماہ پہلے گھر سے وادی کے لیے گیا تھا لیکن ذکی صاحب سے اجازت نہ ملنے پر اور ٹریننگ کروانے کے حکم پر وہاں رہا۔ میں نے اس دوماہ میں آٹھ دفعہ دیکھا کبھی ٹریننگ کرواتے ، کبھی دعوت دیتے اور کبھی گھر میں پھر دوماہ بعد گھر آیا۔ [پھر چلا گیا میں وادی میں جارہاہوں مجھے ایک ماہ میں چھ دفعہ اسی طرح ملا ہے کبھی جنگ کرتے ہوئے کبھی گھر میں۔]

اس وقت تک وہ سیکٹر پر تھا اس نے فون کیا کہ میں دوتین دن تک وادی میں جارہاہوں فون کیے دس بارہ دن ہوچکے ہیں ۔

۵۔ میرا ایک کلاس فیلو وادی میں گرفتار ہوا میں نے خواب میں دیکھا کہ وہ پاکستان آچکا ہے لیکن وہ اصل میں گرفتار ہی ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمبر ۱، نمبر ۲، نمبر ۳ میں آپ کو توجہ دلائی گئی ہے دینی و ایمانی کمزوری و کوتاہی کو دور کرو اور بری مجالس میں نہ بیٹھا کرو نیز دشمن گھات میں ہے اس سے بچاؤ کی تیاری اور فکر کرو۔

۴۔ ایک دفعہ گھر ضرور آئے گا۔ ان شاء اللہ العزیز۔

۵۔ دشمن کی قید سے رہا ہو کر اپنے وطن آئے گا۔ ان شاء اللہ العزیز۔ واللہ اعلم ۲۲، ۷، ۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02 ص817

محدث فتویٰ